# دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق طالب علم مہران امروہی نے فلم 'چڑیا' سے ہدایت کاری کی دنیا میں رکھا قدم؛**

**سینما گھروں میں فلم تیس مئی دو ہزار پچیس کو ریلیز کی جائے گی**

New Delhi, May 29, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ کمپیوٹر انجینیئرنگ کے بی۔ٹیک بیچ دو ہزار دو کے سابق طالب علم جناب مہران امروہی نے فلم 'چڑیا' کی ریلیز کے ساتھ ہی ہدایت کاری کی دنیا میں قدم رکھا ہے۔ جامعہ میں انجینیئرنگ میں ان سے سفر کی شروعات کے بعد قومی سطح پر ریلیز ہونے اور بین الاقوامی سطح پر شناخت بنانے والی فلم جامعہ میں بین علومی امکانات اور تخلیقیت کی روح کو فروغ دینے اور اس کی پرورش کا بہترین ثبوت ہے۔

ان کی پہلی تحریر کردہ اور ہدایت کاری کی پہلی کاوش فلم 'چڑیا' بچوں کی بہترین کہانی ہے جس میں ونے پاٹھک اور امرتا سبھاش جیسے بہترین اور عمدہ فن کار اپنے کردار نبھا رہے ہیں۔ یہ فلم سینما ہالوں میں تیس مئی دو ہزار پچیس کو ریلیز ہوگی۔ مہران کی فلم کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر خوب سراہا گیا ہے جہاں اس نے متعدد انعامات جیتے ہیں جن میں جنوبی ایشیا، آئی ایف ایف، نیویارک میں ہدایت کاری کی دنیا میں پہلی کاوش کرنے والے ڈائریکٹر کا ایوارڈ اور نئی دہلی کے آئی ایف ایف میں کا دادا صاحب پھالکے انعام بھی شامل ہے۔ اس فلم کو گولڈن ائی فینٹ، آئی سی ایف ایف آئی حیدرآباد میں دوسرا بہترین فلم ایوارڈ بھی ملا ہے۔ جامعہ کے اپنے سابق طالب علم کی اس نمایاں حصولیابی پر فخر ہے اور جامعہ کی طرف سے انھیں اور ان کی فلم کے لیے نیک خواہشات۔

آفیشیل فلم کے ٹریلیز کا لنک درج ذیل ہے:

https://youtu.be/zsDSJRnoN7w?si=3fSWEsMSai26mKa8

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ